# فوری ہدایات برائے جلسہ سالانہ قادیان 2019

## برائے جملہ درخواست دہندگان / ریجنل / لوکل امراء وصدرانِ جماعت صاحبان

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جلسہ سالانہ قادیان انشاءاللہ العزیز مورخہ 27، 28، 29 دسمبر 2019 بمقام قادیان، بھارت منعقد ہوگا۔ اِرسال وکیل صاحب تعمیل وتنفیذ بھارت۔ نیپال۔ بھوٹان، لندن سے موصول ہونے والی ہدایات کی روشنی میں دعوت ناموں اور ویزوں کے حصول کے طریقِ کار میں گزشتہ سالوں کی نسبت اہم تبدیلیاں کی گئی ہیں۔ اب یہ کام مندرجہ ذیل دو مرحلوں میں مکمل ہوگا۔

## پہلا مرحلہ

پہلے مرحلے میں درخواست دہندگان Online ویزا فارم پُر کرکے Submit کریں گے اور اُس کے نتیجے میں حاصل ہونے والے Application Id Number کو منسلکہ FORM A میں دیگر کوائف کے ساتھ درج کرکے مرکز (بیت السبوح، فرانکفرٹ) ارسال کریں گے تاکہ اُن کو دعوت نامے جاری کئے جاسکیں۔ اگر یہ فارم بذریعہ فیکس یا Scan کرکے بذریعہ Email ارسال کرنا ہو تو کالی سیاہی کے ساتھ خوشخط لکھا ہو۔ یہ فارم جماعت کی ویب سائٹ کے مندرجہ ذیل لنک پر **Type** کرکے بھی پُر کیا جاسکتا ہے۔ اِن ہدایات کو ایک سے زیادہ مرتبہ غور سے پڑھ کر ان پر عمل کریں۔ جزاکم اللہ۔

Internet کے ذریعہ Online ویزا فارم پُر کرنے اور Submit کرنے کے لئے https://indianvisaonline.gov.in/visa/ پر جا کر Regular Visa Application کا انتخاب کریں۔ FORM A & C اور Online ویزا فارم میں درج کرنے کے لئے ضروری معلومات اِن ہدایات کے ساتھ منسلک ہیں۔ یہ ہدایات، معلومات، A اور C فارم احمدیہ بلیٹن کے علاوہ دیگر فارموں کے ساتھ جماعت کی ویب سائٹ پر اس لنک پر بھی موجود ہیں: **http://www.ahmadiyya.de/events/jalsa-salana-jahresversammlung/**۔ آن لائن فارم پُر کرنے سے پہلے اس لنک پر چیک کر لیں کہ کوئی نئی ہدایت تو جاری نہیں ہوئی۔ آن لائن فارم پُر اور چیک کرکے Verified And Continue کا بٹن دبانے کے بعد آپ کے سامنے Download اور Print کرنے کے لئے ویزا فارم آجائے گا جس پر بائیں جانب Margin میں ایک Application Id Number جو DEU سے شروع ہوتا ہے، لکھا ہوگا۔ پُر شدہ فارم کے کم از کم دو سیٹ Print کرکے اپنے پاس سنبھال کر رکھ لیں۔ FORM A کے تمام کالم پُر کرنے لازم ہیں۔ صدرانِ جماعت وحلقہ جات حسبِ ضرورت فوٹو کاپیاں کروالیں۔ **FORM A مرکز بھجوانے کی آخری تاریخ 15 جولائی 2019 مقرر کی گئی ہے تاہم آپ سے درخواست ہے کہ آخری تاریخ کا انتظار کیے بغیر جلد از جلد یہ فارم ارسال کردیں تاکہ آپ کو جلد از جلد دعوت نامہ ارسال کیا جاسکے۔ جرمن اور پاکستانی پاسپورٹ کے علاوہ نیلے اسائلم پاسپورٹ رکھنے والے افراد بھی اپلائی کرسکتے ہیں۔ ایسے افراد شہریت کے بارے میں سوال کے جواب میں STATELESS کا انتخاب کریں۔ یہ بھی نوٹ فرمالیں کہ پاکستانی پاسپورٹ اور نیلا اسائلم پاسپورٹ رکھنے والے ایسے احباب جو بذریعہ ہوائی جہاز ہندوستان جانا چاہتے ہوں کو امرتسر ائرپورٹ پر جانے کی اجازت نہیں، وہ صرف دہلی ائرپورٹ کے ذریعہ ہی جاسکتے ہیں۔ مزید یہ کہ دونوں ملکوں کے تعلقات کی صورتِ حال اور ویزا کے قوانین تبدیل ہوتے رہتے ہیں۔ اِس لئے پاکستانی یا جرمن پاسپورٹ رکھنے والے احباب جنہوں نے واہگہ باڈر کے راستے قادیان جانے کے لئے اپلائی کیا ہو، اُن کو ویزا جاری کرنے سے پہلے براستہ دہلی جانے کا بھی کہا جاسکتا ہے۔**

## دوسرا مرحلہ

دعوت نامے موصول ہونے کے بعد دوسرے مرحلے میں درخواست دہندگان پہلے سے پُر شدہ ویزا فارم مطلوبہ کاغذات کے ساتھ اپنی رہائش کے صوبے کے لئے ذمہ دار بھارتی سفارتخانے / قونصلیٹ جنرل کی مقرر کردہ ایجنسی میں جمع کرائیں گے۔ اِن سب کے دفاتر اور ویب سائٹ ایڈریس معلومات والے الگ صفحے میں درج ہیں جہاں سے مزید ہدایات بھی حاصل کی جاسکتی ہیں۔ تصویریں Plain Light Background میں ہونی چاہیے۔ ویزوں کی مدت تاریخ اجراء سے شروع ہو جاتی ہے۔ ادا کی گئی ویزا فیس ویزا نہ لگنے کی صورت میں ناقابلِ واپسی ہوگی۔ اگر کسی دعوت نامے میں کوئی غلطی ہو، جاری ہونے سے رہ گیا ہو یا زائد جاری ہوگیا ہو تو فوری طور پر شعبہ ہذا کو مطلع فرمائیں۔

## انڈین ایمبیسی / قونصلیٹ کی مقرر کردہ ایجنسی میں میں جمع کرانے کے لئے ویزا فارم کے ساتھ مندرجہ ذیل کاغذات لگانے ضروری ہیں

☆ German Passport Holders دستخط شدہ ویزا فارم کے ساتھ دو تصویروں کے علاوہ مندرجہ ذیل کاغذات لگائیں:-

ا۔ پاسپورٹ جو سفر کی مجوزہ تاریخ کے بعد 6 ماہ تک Valid ہو، ورنہ ویزا کی درخواست مسترد ہو جائے گی۔

۲۔ اصل دعوت نامہ اور اُسکی ایک کاپی۔ دعوت نامے کی ایک کاپی اپنے لئے رکھنا نہ بھولیں۔

۳۔ متعلقہ انڈین ایمبسی / قونصلیٹ جنرل کی طرف سے Additional Form Pakistani Origin Nationals ۔ یہ فارم جماعت کی ویب سائٹ کے مندرجہ ذیل لنک پر بھی موجود ہیں جہاں اِن کو TYPE کر کے بھی پُر کیا جاسکتا ہے۔

۴۔ فلائٹ ریزرویشن یا ٹکٹ۔

۵۔ جرمن Ausweis کی ایک کاپی۔

☆ Pakistani Passport Holders and Blue Passport Holders دستخط شدہ ویزا فارم کے ساتھ دو تصویروں کے علاوہ مندرجہ ذیل کاغذات لگائیں:

ا۔ پاسپورٹ جو سفر کی مجوزہ تاریخ کے بعد 6 ماہ تک Valid ہو، ورنہ ویزا کی درخواست مسترد ہو جائے گی۔

۲۔ اصل دعوت نامہ اور اُسکی ایک کاپی۔ دعوت نامے کی ایک کاپی اپنے لئے رکھنا نہ بھولیں۔

۳۔ متعلقہ انڈین ایمبسی / قونصلیٹ جنرل کی طرف سے Additional Form Pakistani Origin Nationals ۔ یہ فارم جماعت کی ویب سائٹ کے مندرجہ ذیل لنک پر بھی موجود ہیں جہاں اِن کو TYPE کر کے بھی پُر کیا جاسکتا ہے۔

۴۔ اپنے مقامی Rathaus سے Meldebescheinigung بھی ویزا فارم کے ساتھ پیش کرنی ہوگی جو تین ماہ سے زیادہ پرانی نہ ہو۔

۵۔ فلائٹ ریزرویشن یا ٹکٹ۔

**نوٹ:-** مندرجہ بالا کاغذات کے علاوہ مثلاً ملازمت (تازہ Pay Slips وغیرہ)، بے روزگاری الاؤنس اور جرمنی میں رہائش گاہ سے متعلق کاغذات بھی طلب کئے جاسکتے ہیں۔ اگر آپ ویزا کی درخواست پر کارروائی کے دوران میں سفر کرنا ہو یا پاسپورٹ اپنے پاس رکھنا چاہیں، تو ویزا فارم اور دیگر کاغذات اور ویزا فیس جمع کروا کر پاسپورٹ واپس دیئے جانے کی درخواست کرسکتے ہیں۔ آپ کو متعلقہ ایجنسی کی طرف سے اطلاع آجائے گی کہ ویزا کے لئے دوبارا پاسپورٹ لے کر آجائیں۔

متعلقہ ایجنسی میں ویزا کی درخواستیں جمع کرانے اور فیس ادا کرنے کے بعد ملنے والی رسید کی ایک کاپی اور منسلکہ FORM C پُر کر کے ایک تصویر کے ساتھ فوراً شعبہ امورِ خارجہ فرینکفرٹ کو ارسال کرنا ہوں گے تاکہ آپ کے نام کلیئرنس کے لئے قادیان ارسال کئے جاسکیں اور تعارفی خط جاری کیا جاسکے۔ FORM C بھجوانے کی حتمی آخری تاریخ 01.08.2019 ہے مگر اس آخری تاریخ کا انتظار کئے بغیر جونہی دعوت نامہ موصول ہو، فوری طور انڈین ایمبیسی یا قونصلیٹ کی مقرر کردہ ایجنسی میں ویزا فارم اور دیگر کاغذات جمع کروا کر FORM C اور رسید کی کاپی ارسال کر دیں۔ یہ ہدایات جماعت کی ویب سائٹ پر مندرجہ ذیل لنک پر بھی موجود ہیں:

**http://www.ahmdiyya.de/events/jalsa-salana-jahresversammlung/**

اگر کوئی وضاحت درکار ہو تو شعبہ امورِ خارجہ سے ٹیلی فون نمبر 069-50688641 پر شام 6 بجے سے 8 بجے تک رابطہ کریں۔ عندالضرورت مکرم رفیع اللہ خان صاحب سے ٹیلی فون نمبر 0177-7984-371 پر بھی رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ والسلام

خاکسار


راجہ محمد یوسف خان

ایڈیشنل نیشنل سیکرٹری امور خارجہ

ٹیلی فون نمبر: 069-50688641 فیکس نمبر: 069-50688642

E-mail:rmyousuf631@gmail.com


28.05.2019